سوال

حیض کے کپڑوں کو دھوئے بغیر پھینکنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرا سوال یہ ہے کہ عورت حیض میں جو کپڑا استعمال کرتی ہے کیا اسے دھو کر پھینکنا چاہیے یا کسی رنگ دار شاپر میں ڈال کر بغیر دھونے کے بھی پھینک سکتی ہیں، کیا اس طرح پھینکنے سے کوئی گناہ تو نہیں ہے۔ کسی نے ہمیں کہا ہے کہ یہ بہت گناہ کا کام ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ ایک بالکل فضول، جہالت پر مبنی اور لغویات ہے، جس کا شریعت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ جب آپ نے اسے پھینکنا ہی ہے تو دھونے کی کیا ضرورت ہے۔ ہاں البتہ اگر اس کو دوبارہ استعمال کرنا ہو تو دھو کر دوبارہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ